تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

پریس ریلیز۔ August 04 2021

## جامعہ ملیہ اسلامیہ میں 75ویں یوم آزادی کے موقع پر 'مشاعرہ جشن آزادی' کا انعقاد

پریس ریلیز: جامعہ ملیہ اسلامیہ مؤرخہ 6اگست 2021 کو 75ویں یوم آزادی کے موقع پر 'مشاعرہ جشن آزادی' کے عنوان سے ایک آن لائن مشاعرہ منعقد کر رہا ہے۔ جناب شاہد مہدی، سابق شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اس موقع پر مہمان خصوصی ہوں گے اور پروفیسر سید عین الحسن، شیخ الجامعہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (مانو) حیدر آباد، مشاعرے کے مہمان اعزازی ہوں گے۔

پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ پروگرام کی صدارت فرمائیں گی۔

یہ مشاعرہ پروفیسر شہپر رسول کی استدعا پر ہو رہا ہے اور مشاعرے کی نظامت کے فرائض جناب معین شاداب انجام دیں گے۔

اظہر عنایتی، پاپولر میرٹھی، اقبال اشہر، علینہ عترت، راجیش ریڈی، احمد محفوظ، کوثر مظہری، اے، نصیب خان، رحمان مصور، خالد مبشر، احمد علوی، محشر فیض آبادی اور عارفہ شبنم جیسے اہم اور نامور شعرا اس میں اپنی غزلیں اور نظمیں پیش کریں گے۔

جامعہ میں 'مشاعرہ جشن آزادی' کے عنوان سے سال میں ایک مرتبہ مشاعرے کا انعقاد ہوتا رہا ہے اس کا مقصد شعرا کے کلام کے توسط سے ہمہ گیر اخوت، بھائی چارہ اور امن ومحبت کے پیغام کو عام کرنا رہا ہے۔

آپ سبھی کا مشاعرہ میں پر خلوص استقبال ہے۔ شرکت کے لیے درج ذیل لنک پر کلک کریں

**https://jamiamilliaislamia.webex.com/jamiamilliaislamia/j.php?MTID=m12759a7044bdfb335d927669ad8f08c0**

**Password: azadi@21**

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی